اشتہار برائے بھرتی کانسٹیبلان ولیڈی کانسٹیبلان بطور وائرلیس آپریٹر اور ڈرائیور کانسٹیبلان (پنجاب پولیس ٹیلی کمیونیکیشن)

ٹیلی کمیونی کیشن پنجاب میں تعیناتی کیلئے کانسٹیبلان ولیڈی کانسٹیبلان وائرلیس آپریٹرز اور ڈرائیور کانسٹیبلان سکیل نمبر 7 بمع مروجہ الاؤنسز کی خالی آسامیوں پر بھرتی کیلئے پنجاب کے تمام اضلاع کے سکونتی امیدواران سے مندرجہ ذیل معیار کے مطابق مجوزہ فارم پر درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	مندرجات	اہلیت برائے کانسٹیبل ولیڈی کانسٹیبل وائرلیس آپریٹر	اہلیت برائے ڈرائیور کانسٹیبل
1	عمر	18 تا 22 سال	21 تا 30 سال
2	قد	(I) برائے مرد امیدواران کم از کم 5 فٹ 7 انچ (II) برائے خواتین امیدواران کم از کم 5 فٹ 2 انچ	(I) برائے مرد امیدواران: کم از کم 5 فٹ 7 انچ (II) برائے خواتین امیدواران: کم از کم 5 فٹ 2 انچ
3	چھاتی	کم از کم "34½ x '33 (صرف مرد امیدواران کیلئے)	کم از کم "34½ x '33 (صرف مرد امیدواران کیلئے)
4	سکونت	امیدواران کا پنجاب کے اضلاع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔	امیدواران کا پنجاب کے اضلاع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔
5	تعلیم	منظور شدہ بورڈ سے ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (سائنس)/ ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ ان الیکٹرونکس/ الیکٹریکل/ میکینکل بمع پچاس فیصد (50%) نمبر	منظور شدہ بورڈ سے سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ
6	دوڑ	(I) برائے مرد امیدواران 1.6 کلومیٹر دوڑ 7 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔ (II) برائے خواتین امیدواران 1.6 کلومیٹر دوڑ 10 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔	(I) برائے مرد امیدواران 1.6 کلومیٹر دوڑ 7 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔ (II) برائے خواتین امیدواران 1.6 کلومیٹر دوڑ 10 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔
7	ڈرائیونگ لائسنس و تجربہ	ــــ	LTV ڈرائیونگ لائسنس اور LTV ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کے بعد دو سالہ تجربہ (امیدواران کا ڈرائیونگ ٹیسٹ، مکینیکل ٹیسٹ اور ہائی وے کوڈ ٹیسٹ بھی لیا جائے گا)

ہدایات برائے امیدواران:

☆ خواہشمند امیدواران مجوزہ فارم پنجاب پولیس کی ویب سائٹ / http://punjabpolice.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

☆ درخواست فارم بمعہ تصدیق شدہ فوٹو کاپی اسناد ضروری کاغذات اور مبلغ 200 روپے (فارم فیس) دفتر ایس ایس پی ٹیلی کمیونی کیشن، پنجاب لاہور (قرطبہ لائنز، لاہور) میں مورخہ 09-05-2024 تا 23-05-2024 تک جمع کروائے جا سکتے ہیں۔

☆ بھرتی شیڈول کے متعلق معلومات دفتر ایس ایس پی ٹیلی کمیونی کیشن، پنجاب، لاہور (قرطبہ لائنز، لاہور) سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

☆ امیدواران کو قد، چھاتی، تعلیم اور عمر وغیرہ میں کوئی رعایت نہ دی جائے گی۔

☆ سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازم اپنا فارم/ درخواست محکمانہ توسط سے آخری تاریخ سے قبل جمع کروائیں۔

مختص کوٹہ:

☆ اقلیتی امیدواران کیلئے پانچ فیصد (05%) کوٹہ مختص ہوگا۔

☆ خواتین امیدواران کیلئے پندرہ فیصد (15%) کوٹہ مختص ہوگا۔

☆ دس فیصد (10%) سابقہ فوجیوں کیلئے مختص ہوگا اور

قد، چھاتی تعلیم، سکونت = مندرجہ بالا سول امیدواران کیلئے مخصوص ہے۔

عمر = امیدوار کی موجودہ عمر سے اگر فوج کی مدت ملازمت منہا کی جائے تو اس کی بقایا عمر 22 سال یا اس سے کم ہونی چاہئے۔ علاوہ ازیں موجودہ عمر 40 سال سے زیادہ نہ ہو اور اسے ریٹائرڈ ہوئے 2 سال سے زیادہ عرصہ نہ ہو۔

وہ اہلکار جو طبی بنیاد پر یا کسی بھی انضباطی کارروائی کی وجہ سے فوج سے برخواست یا ریٹائرڈ ہوں گے وہ درخواست دینے کے مجاز نہیں ہیں۔

نوٹ: ☆ امیدواران کا قد، چھاتی کی پیمائش، دوڑ، ڈرائیونگ ٹیسٹ (صرف ڈرائیور کانسٹیبل)، تحریری امتحان اور انٹرویو لیا جائے گا۔

☆ وہ امیدواران جو پولیس فیملی کلیم کی بنیاد پر اضافی نمبر لینا چاہتے ہیں وہ اپنے کلیم سے متعلقہ تمام کاغذات جیسا کہ پنشن بک، ریٹائرمنٹ آرڈر کی کاپی وغیرہ اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

☆ تمام امیدواران کو بیان حلفی جمع کروانا ہوگا کہ وہ کسی قسم کی ایف آئی آر (FIR) یا مقدمہ میں نامزد/ ملوث/ مطلوب نہ ہیں۔ غلط بیان حلفی جمع کروانے کی صورت میں امیدوار کو پولیس میں بھرتی کیلئے نااہل قرار دے دیا جائے گا اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆ اگر کسی بھی مرحلہ پر امیدوار کی تعلیمی اسناد، ڈومیسائل، قومی شناختی کارڈ اور میڈیکل سرٹیفکیٹ کی پڑتال کے دوران یہ کاغذات جعلی یا غیر تصدیق شدہ پائے گئے تو امیدوار کی بھرتی منسوخ کر دی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆ ابتدائی طور پر منتخب امیدواران بعد از سکیورٹی کلیئرنس میڈیکل بورڈ کے روبرو پیش ہوں گے، کلر بلائنڈ امیدوار بھرتی کیلئے نااہل تصور ہوں گے۔

☆ صرف وہ امیدواران جسمانی پیمائش کے اہل ہوں گے جن کی درخواستیں مکمل پائی جائیں گی۔ امیدوار کو انتخاب کے مختلف مراحل میں لئے جانے والے کسی قسم کے اخراجات کی ادائیگی نہ کی جائے گی۔ جسمانی پیمائش دفتر ایس ایس پی ٹیلی کمیونی کیشن، پنجاب، لاہور (قرطبہ لائنز، لاہور) میں منعقد ہوگی۔

☆ اگر کوئی امیدوار ایک سے زیادہ آسامیوں کیلئے کوالیفائی کرے گا تو انٹرویو سے پہلے اس کو کسی ایک آسامی کا انتخاب کرنا ہوگا اور اس سلسلہ میں بیان حلفی جمع کروانا ہوگا۔

☆ محکمہ کو یہ اختیار ہوگا کہ یہ بھرتی تمام مراحل مکمل ہونے پر یا کسی بھی مرحلہ پر منسوخ کی جا سکتی ہے اور کسی بھی عدالت یا فورم پر چیلنج نہ کی جا سکے گی۔

المشتہر: ڈی آئی جی (اسٹیبلشمنٹ II)، سنٹرل پولیس آفس، لاہور

IPL-3990